## 1198 ـ لباس پر پیشاب کے قطرے گرنے کا شک

**سوال**

بعض اوقات استنجاء اور وضوء کرنے کے بعد ایسا محسوس ہوتا ہے کہ پیشاب کا قطرہ خارج ہوا ہے، جس بنا پر میں دوبارہ وضوء کرتا ہوں اور بعض اوقات تو دو بار بھی وضوء کرنا پڑتا ہے، یہ علم میں رہے کہ پیشاب کرن کے بعد تقریبا پانچ منٹ تك انتظار کرتا ہوں کہ مجھے پیشاب رکنے کا یقین ہو جائے، لیکن جب میں وضوء سے فارغ ہوتا ہوں تو محسوس ہوتا ہے کہ پیشاب کا قطرہ نکلا ہے، میں یہ کوشش کرتا ہوں کہ کہیں یہ شك اور وسوسہ نہ ہو لیکن ایسا نہیں ہوتا.
پھر اگر ایسا ہو کہ سلوار سا کپڑے کو پیشاب کا قطرہ لگ جائے تو اسے لازما دھونا ہوگا، اور کیا اسی طرح اس لباس میں نماز ادا کرنا جائز ہے، کیونکہ بعض اوقات میں شك کی بنا پر کہ کہیں پیشاب کا قطرہ نہ لگ گیا ہو اپنی سلوار دھوتا ہوں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

اگر آپ کو قطرہ نکلنے کا یقین ہو تو آپ کو ہر نماز کے لیے جہاں قطرہ لگا ہو اسے دھو کر استنجاء کر کے ضرور وضوء کرنا ہوگا، لیکن اگر شك ہو تو آپ پر کچھ لازم نہیں آتا، بلکہ آپ کو ان شکوك سے اعراض کرنا چاہیے تا کہ آپ کو وسوسہ پیدا نہ ہونا شروع جائے.